http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر سر علی منصور

جلد : 23 | 11 رجب المرجب 1446ھ جمعرات 01 جنوری 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 241



اقتدار سنبھالا تو معاشی بدحالی مگر اب ہمارے مشکل فیصلوں کے نتائج خود بول رہے ہیں، شہباز شریف

چیلنجز کے باوجود ملک کو دوبارہ درست سمت میں ڈال دیا ہے

وزیر اعظم

کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 3.3 ارب ڈالر سے تبدیل ہوکر 1.9 ارب ڈالر کے سرپلس میں بدل چکا ہے، ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب تقریباً 8 فیصد سے بڑھ کر 10 فیصد سے زائد ہوگیا، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے اقتصادی کونسل اصلاحات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن صرف اصلاحاتی پروگرام کے آغاز کا نہیں غور وفکر اور عزم کی تجدید کا دن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اقتدار سنبھالا تو ہمیں شدید چیلنجز کی شکار معیشت ورثے میں ملی، معاشی اصلاحات آسان کام نہیں تھا، انھوں نے کہا کہ 1997 میں ہم نے معاشی پابندیوں اور عالمی تنہائی کا سامنا کیا، معاشی طور پر ہم مشکلات میں گھرے ہوئے تھے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

ڈھاکا میں ایاز صادق اور جے شنکر کی ملاقات

خوشگوار جملوں کا تبادلہ

ڈھاکا (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈھاکا میں اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن کے وزرائے خارجہ کی اجلاس کے موقع پر بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کی پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنما کے درمیان مصافحہ خالدہ ضیاء کی آخری رسومات کے موقع پر ہوا تھا کہ اس موقع پر دونوں رہنماؤں کے درمیان خوشگوار ماحول پر ہم مشکلات میں گھرے ہوئے تھے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء کے جنازے کے موقع پر بھارتی وزیر خارجہ نے

ایف آئی اے نے میئر کراچی کے خط کا باضابطہ جواب دے دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں کالی اینچ کی عمارت کو سیل کرنے کے معاملے پر وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائیگا، عاصم منیر

بلوچستان کی ترقی میں سول سوسائٹی کا کردار اہم ہے

فیلڈ مارشل

دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، سیکورٹی فورسز مکمل عزم کے ساتھ ملکی سلامتی کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں، پاکستان کی علاقائی سلامتی اور خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور مسلح افواج ملک کے دفاع کے لیے ہر سطح پر تیار ہیں، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے 18 ویں بیچ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر بلوچستان کے شرکاء سے ملاقات میں کہا کہ بلوچستان کی ترقی میں سول سوسائٹی کا کردار اہم ہے جب کہ مٹھی بھر عناصر کے مفادات کو مسترد کرنا ہوگا۔ پاک فوج کے شعبہ پبلیکٹی کے مسترد کرنا ہوگا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے 18 ویں بیچ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر بلوچستان کے شرکاء سے جی ایچ کیو میں ملاقات کی، جہاں بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی اور پاکستان کے لیے اس کی اسٹریٹجک اہمیت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بلوچستان کے عوام کی استقامت، قربانیوں اور حب الوطنی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی خوشحالی، استحکام اور ترقی میں کلیدی کردار رکھتا ہے۔ صوبے کی ترقی دراصل پورے ملک کی ترقی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

ڈھاکہ: ایکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن کے اجلاس کے موقع پر بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر مسکراتے ہوئے مصافحہ کر رہے ہیں

کوئٹہ: چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر 18 ویں بیچ پاسنگ آؤٹ پریڈ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت نے پاکستانی سرحد کے قریب بڑی فضائی مشقوں کا اعلان کر دیا

فضائی مشقیں گجرات کے علاقے کچھ میں کی جائیں گی، جہاں بھارتی فضائیہ کے جدید لڑاکا طیارے حصہ لیں گے، مشقوں میں رافیل، جنوبی 30 ایم کے آئی، جیگوار اور دیگر فرنٹ لائن جنگی طیارے شامل ہونگے، مشقوں کے دوران تیز رفتار پروازیں، فضائی لڑائی کی تربیت اور ممکنہ طور پر لائیو فائرنگ یا بمباری کی مشقیں بھی کی جاسکتی ہیں، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) علاقائی تجربہ رکھنے والے سفارتکاروں کے مطابق ایسے اقدامات خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہیں، بھارت نے پاکستان سرحد کے قریب واقع ریاست گجرات میں بڑے پیمانے پر فضائی مشقوں کا اعلان کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے بھارتی فضائیہ نے نوٹس ٹو ایئر مین (NOTAM) جاری کرتے ہوئے 20 سے 21 جنوری تک مخصوص فضائی حدود کو بین الاقوامی پروازوں کے لیے بند کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ فضائی مشقیں گجرات کے علاقے کچھ (Kutch) میں کی جائیں گی، جہاں بھارتی فضائیہ کے جدید لڑاکا طیارے حصہ لیں گے۔ مشقوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اور دیگر فرنٹ لائن جنگی طیارے شامل ہونگے، مشقوں کے دوران تیز رفتار پروازیں، فضائی لڑائی کی تربیت اور ممکنہ طور پر لائیو فائرنگ یا بمباری کی مشقیں بھی کی جاسکتی ہیں، بھارتی میڈیا

نئے صوبوں کا قیام، مسترد 27 ویں آئینی ترمیم واپس لی جائے

پیپلز پارٹی کا مارچ کا آغاز

کراچی میں ملوث افراد کا احتساب کیا جائے، سندھ ایکشن کمیٹی این ایف سی ایوارڈ کی آئینی حیثیت اور تحفظ کو ختم یا کمزور کرنے کی

ہر کوشش کو سختی سے مسترد کرتی ہے، این ایف سی ایوارڈ صوبوں کا آئینی حق ہے، اس میں کسی بھی قسم کی مداخلت ناقابل قبول ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام کراچی پریس کلب میں ملک میں جاری سماجی و معاشی اور سیاسی بحینجرز پر سندھ ایکشن کمیٹی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت سندھ یونیٹیڈ پارٹی کے صدر اور کنوینر سندھ ایکشن کمیٹی سید زین شاہ نے کی۔ کانفرنس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

نادرا نے چہرے کی شناخت پر مبنی بائیو میٹرک تصدیقی سہولت کا آغاز کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم اور وزیر داخلہ کی ہدایت پر نادرا نے بڑی سہولت کا اعلان کرتے ہوئے چہرے کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

مہنگائی کے ستائے عوام کو نئے سال کا تحفہ، ایل پی جی کیس کی قیمت میں بڑا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہنگائی کے ستائے عوام کے لیے نئے سال کا آغاز مزید بوجھ کے ساتھ ہوا ہے، حکومت نے ایل پی جی کیس کی قیمت میں بڑا اضافہ کر دیا جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اگر اس کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق یکم جنوری سے ایل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

کراچی کے مختلف علاقوں میں ہوائی فائرنگ، 8 افراد زخمی، متعدد گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے مختلف علاقوں میں سال نو کے آغاز پر ہوائی فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں 8 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

نئی بندرگاہوں کی تعمیر میں ماحولیاتی تحفظ کو ترجیح دی جائے گی، وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی زیر صدارت نئی بندرگاہوں کی تعمیر اور ترقی سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دو روز پا کیا گیا کہ نئی بندرگاہوں کی ترقی میں ماحولیاتی تحفظ کو بنیادی حیثیت دی جائے گی۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ کسی بھی بڑی بندرگاہ کی تعمیر اور ترقی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

ملک بھر میں نئے سال 2026ء کا استقبال

پاکستان بھر میں آج شب بارہ بجتے ہی نئے سال 2026 کے آغاز پر شہریوں نے آتش بازی اور رنگین جشنات کے ذریعے نئی صبح کا استقبال کیا۔ کراچی سے لے کر اسلام آباد اور لاہور سے لے کر پشاور تک کے شہروں میں اصلی جشن کا سماں تھا، جہاں ہزاروں خاندان اور نوجوان نئی امیدوں کے ساتھ سڑکوں پر نکل آئے۔

کراچی کے ساحلوں پر خاص طور پر ہجوم نے لمبے وقت تک جشن منایا۔ کلیفٹن اور سی ویو بیچ پر نوجوانوں کے گروپ ناچتے گاتے نظر آئے، جبکہ بحیرہ عرب کے پانیوں میں آتش بازی کے عکس نے فضا کو دوبالا کر دیا۔ شہر کے بڑے ہوٹلوں اور تفریحی مراکز نے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا، جن میں سے بیشتر میں رات گئے تک رقص و موسیقی کے پروگرام جاری رہے۔ دارالحکومت اسلام آباد میں فیض آباد انٹرچینج اور مرکزی مارکیٹوں کے علاقوں میں وسیع پیمانے پر آتش بازی کی گئی، جس کے شاندار نظاروں نے شہریوں کو مسحور کر دیا۔ مارگلہ ہلز کے دامن میں واقع ریسٹورنٹس اور کیفے مکمل طور پر بھرے ہوئے تھے، جہاں خاندانوں نے نئے سال کی آمد پر ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔

لاہور میں تاریخی مقامات کو روشنیوں سے سجایا گیا تھا۔ بادشاہی مسجد اور قلعہ لاہور کے احاطے میں خصوصی روشنیاں نئے سال کے جشن کا حصہ تھیں۔ انارکلی اور مال روڈ پر جشن منانے والوں کی لمبی قطاریں دیکھی گئیں، جبکہ فوڈ اسٹریٹ پر روایتی اور جدید دونوں طرح کے کھانوں سے لطف اندوز ہونے والوں کا تانتا بندھا رہا۔ نئے سال کے موقع پر ملک بھر کے رہنماؤں نے عوام کو پیغامات جاری کیے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے اپنے پیغام میں کہا کہ نئے سال میں پاکستان ترقی کی نئی منازل طے کرے گا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے عوام سے اتحاد، محنت اور ہمت کے ساتھ آگے بڑھنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کی پہلی صبح ہمیں نئے عزم اور نئی لگن کے ساتھ ملک کی تعمیر و ترقی میں جٹ جانے کا پیغام دیتی ہے۔

صوبائی دارالحکومتوں میں بھی جشن دیکھنے میں آیا۔ پشاور میں قصہ خوانی بازار اور چارسدہ گیٹ کے علاقوں میں نوجوانوں نے رات گئے تک جشن منایا۔ کوئٹہ میں جوہر ٹان کے مرکزی چوک پر خاندانوں نے اجتماعی طور پر نئے سال کا کیک کاٹا۔ پولیس اور انتظامیہ نے تمام بڑے شہروں میں سیکورٹی کے وسیع انتظامات کیے تھے، جس کے تحت جشن میں حصہ لینے والوں کو تحفظ فراہم کیا گیا۔ ٹریفک پولیس نے مرکزی مقامات پر ٹریفک کے بہاؤ کو منظم رکھنے کے لیے اضافی ڈیوٹیاں لگائیں۔

نئے سال کے جشن کے موقع پر ہسپتالوں، یتیم خانے اور اولڈ ہومز میں بھی خصوصی تقریبات منعقد کی گئیں، جہاں معاشرے کے کم خوش قسمت افراد کے ساتھ نئے سال کا کیک کاٹا گیا اور تحائف تقسیم کیے گئے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ وہ نئے سال میں امن، خوشحالی اور ترقی کی امید لے کر آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ سال 2026 پاکستان کے لیے خوشیاں لے کر آئے اور ملک اقتصادی استحکام کی طرف گامزن ہو۔ اس رات کا اختتام آتش بازی کے آخیرن دھماکوں اور باہمی مبارکباد کے تبادلے پر ہوا، جس نے پورے ملک میں نئے سال کے پرامید آغاز کا اعلان کیا۔

اگلے محاذوں پر تعینات

پاک فوج کے بہادر جوانوں کا سال نو پر قوم کے نام اہم پیغام

سرحدوں پر افواج پاکستان کی موجودگی ہی قوم کے اطمینان اور سلامتی کی ضمانت ہے، کسی بھی دشمن کو سرحد پار سے میلی آنکھ سے دیکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی،

معرکہ حق کی کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ افواج پاکستان متحد ہو کر دشمن کے عزائم ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، فوجی جوانوں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایس پی آر کنٹرول کے اگلے محاذوں پر تعینات پاک فوج کے بہادر جوانوں نے نئے سال کی آمد پر قوم کے نام جرأت، قربانی اور وطن سے غیر متزلزل محبت سے پر اہم پیغام جاری کیا ہے۔ فوجی جوانوں نے کہا کہ شدید سردی، برفانی موسم اور دشوار گزار جغرافیہ بھی ان کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ پیغام میں جوانوں کا کہنا تھا کہ وہ اپنے گھروں اور اہل خانہ سے دور، برف میں موجود پوسٹوں پر کھڑے ہو کر وطن عزیز کی حفاظت کو اپنا اولین فرض سمجھتے ہیں۔ پاک فوج کے جوانوں نے واضح کیا کہ سرحدوں پر افواج پاکستان کی موجودگی ہی قوم کے اطمینان اور سلامتی کی ضمانت ہے۔ فوجی جوانوں نے دشمن کو دوٹوک پیغام دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی دشمن کو سرحد پار سے میلی آنکھ سے دیکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کی کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ افواج پاکستان متحد ہو کر دشمن کے عزائم ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ پیغام کے اختتام پر کہا گیا کہ افواج پاکستان کے تمام جوان شب و روز وطن عزیز کی خاطر اپنی پیشہ وارانہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

پانچویں ہائیکورٹس کے 40 جج کی مستقلی کیلئے جوڈیشل کمیشن کے 5 اجلاس طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 27 ویں ترمیم کے تحت وفاقی آئینی عدالت، سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس میں ججز کی تعیناتیوں کا عمل ورک لے کرنے کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اہم اجلاس 12 جنوری کو سپریم کورٹ میں طلب کر لیا گیا۔ پانچوں ہائیکورٹس میں 40 ایڈیشنل ججوں کی مستقلی کیلئے جوڈیشل کمیشن کے 5 اجلاس 12 جنوری سے تا 15 جنوری تک طلب کر لیے گئے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

نیپرا کراچی نے اسمال ٹریڈرز ٹیکسٹرٹیٹ کو بھیجے گئے بل میں کے الیکٹرک کو اضافی چارجز ختم کرنے کا حکم دیدیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان آرگنائزیشن آف اسمال ٹریڈرز کے مرکزی ٹیکسٹرٹیٹ کو کے الیکٹرک کی جانب سے ایک لاکھ روپے کے بھیجے گئے اضافی بل کے خلاف بھرائے اسمال ٹریڈرز کے صدر محمود حامد کی پٹیشن منظور کر لی اور اسمال ٹریڈرز ٹیکسٹرٹیٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

سال نو پر عوام کیلئے بڑی خوشخبری، پیٹرول 10 روپے سستا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نئے سال کے آغاز پر عوام کو بڑی ریلیف مل گئی ہے، حکومت نے پٹرول کی مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کر دیا ہے۔ اعلان کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 10 روپے 28 پیسے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے 57 پیسے کی کمی کی گئی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

آئی جی سندھ ریٹائر، غلام نبی میمن جاوید عالم اوڈھو قائم مقام پولیس سربراہ مقرر

کراچی (رپورٹ عامر صابر) آئی جی سندھ غلام نبی میمن مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے ہیں۔ان کی ریٹائرمنٹ کے بعد سندھ حکومت نے کراچی پولیس چیف جاوید اوڈھو کو سندھ کا نیا آئی جی مقرر کر دیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

قومی سلامتی، خود مختاری اور بقا کو یقینی بنائیے ،ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا نئے سال کے آغاز پر تہنیتی پیغام

اللہ تعالیٰ پاکستان کو درپیش داخلی و خارجی چیلنجز سے محفوظ رکھے

خالد مقبول صدیقی

نئے سال میں اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ ملک میں شرافتی اور شمولیتی جمہوریت کے فروغ کے لیے منظم، متحرک اور مضبوط جدوجہد کی جائے تاکہ عام پاکستانی حقیقی معنوں میں بااختیار ہو سکے، اللہ تعالیٰ پاکستان کو درپیش داخلی و خارجی چیلنجز سے محفوظ رکھے، قومی سلامتی، خودمختاری اور بقا کو یقینی بنائے، سربراہ ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے | اسے سال کے آغاز پر پاکستان قوم کے نام اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ گزرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

پاکستانی روپیہ کے مقابلے میں ڈالر کی نئی قیمت جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی روپیہ کے مقابلے میں ڈالر کی نئی قیمت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ملکی معیشت کے مجموعی حجم میں 761 ارب روپے کی کمی رپورٹ

کراشتہ مالی سال 25-2024 کے نظرثانی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

تیز رفتار سوزوکی نے معمر خاتون کو کچل دیا، بچہ معجزانہ طور پر بچ گیا، ویڈیو وائرل

جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 70 سالہ زبیدہ بی بی کے نام سے کی گئی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں ہلدیہ مان کے | علاقے 24 کی مارکیٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

سندھ رینجرز کی سال نو کی تقریبات میں سیکورٹی کے بہترین انتظامات

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) پاکستان رینجرز (سندھ) کی جانب سے سال نو کی تقریبات پر سیکیورٹی کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ۔کراچی سمیت اندرون سندھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

ملیر میں اقلیتوں کیلئے 100 سو پلاٹ ہاؤسز کی تعمیر کا اعلان

میئر کراچی

پیپلز پارٹی کی مسلسل عوامی خدمت نے سیاسی پروپیگنڈے اور بے بنیاد تنقید کے مقابلے میں پارٹی کی استقامت اور سنجیدگی کو ثابت کیا ہے، یہ شہر ہمیشہ بھٹو کا رہا ہے اور آئندہ بھی رہے گا، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کا ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے شہریوں بالخصوص اقلیتی برادری کی بنیادی حقوق کے تحفظ اور بہبود کی فراہمی کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے ضلع ملیر کی یونین کونسل چونڈی میں ہندو برادری کے حق خانوں کے لیے 100 سولر پاور گھروں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن شارع فیصل پر ڈبل ڈیکر بس کا افتتاح کر رہے ہیں

کراچی: ہوائی فائرنگ میں ملوث پولیس کا ہیڈ کانسٹیبل گرفتار

ہوائی فائرنگ میں ملوث کسی بھی شخص کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شارع نور جہاں پولیس نے دوران گشت ہوائی فائرنگ میں ملوث پولیس اہلکار کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل نیاز شیخ صدیقی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

ایس آئی یو کی کارروائی، منشیات فروشی میں ملوث ملزم ساتھی سمیت گرفتار

ایس آئی یو پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، ترجمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) اورنگ ٹاؤن نے مشترکہ کارروائی کے دوران منشیات فروشی میں ملوث ملزمہ کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی، ملیر لیاقت مارکیٹ کے قریب فائرنگ سے نوجوان زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے ملیر لیاقت مارکیٹ کے قریب فائرنگ سے نوجوان زخمی ہو گیا ہے ایدھی کے رضا کاروں نے طبی امداد کے لیے جناح اسپتال پہنچایا۔ رسکیو حکام کا کہنا ہے کہ نوجوان کی شناخت 25 سالہ احمد وہیج کے نام سے کی گئی ہے تاحال کوئی گولی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

پاکستان کے سب سے بڑے سکوک بانڈ کا تاریخی اجرا، عالمی مالیاتی میدان میں نیا سنگ میل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس آئی ایف سی کے انقلابی اصلاحاتی اقدامات نے پاکستان کے مالیاتی اور سرمایہ کاری کے شعبہ کو استحکام اور نئی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ پاکستان کی اسلامی مالیاتی مارکیٹ انقلابی ترقی اور بے مثال سرمایہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

کراچی نے سال 2025 کے آخری سورج کو خوش آمدید کہہ دیا، ملٹی پارک پر امیدوں بھرا طلوع آفتاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں سال 2025 کا آخری سورج بدھ کی صبح طلوع ہوا تو شہری فضا میں ایک خاص کی خاموشی اور جذبات کی گونج محسوس کی گئی۔ شہر کے مختلف علاقوں سے شہری سال کے آخری طلوع آفتاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

نیو ایئر نائٹ، کراچی میں ڈبل سواری پر پابندی عائد

31 دسمبر اور یکم جنوری کو شہر بھر میں موٹر سائیکل کی ڈبل سواری مکمل پابندی ہوگی

اس دوران اسٹنٹ کی نمائش، ہوائی فائرنگ اور سیلنسر کے بغیر گاڑی چلانے پر بھی پابندی عائد کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نئے سال کے موقع پر شہر | قائد میں ڈبل سواری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

صدر زرداری کی سابق صوبائی وزیر کے گھر فاتحہ خوانی میں شرکت

ٹنڈو محمد خان (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری کے سابق صوبائی وزیر سید قبول محمد شاہ کی وفات پر ان کے آبائی گاؤں سعید پور نگار میں ان کے گھر فاتحہ خوانی میں شرکت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی: چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری ذوحب کینال کا افتتاح کر رہے ہیں

غزہ میں شہید سری لنکا کے فلسطینی جاں بحق

قابض اسرائیلی فوج کی جنگ بندی کی سنگین خلاف ورزیاں جاری

کزشتہ روز علی الصباح قابض اسرائیل کے جنگی طیاروں نے غزہ کی پٹی کے جنوبی حصے میں واقع شہر رفح کے مغربی علاقے کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا، میڈیا رپورٹس کے مطابق جاری جارحیت کے تحت توپ خانے کی بمباری میں اضافہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

غزہ (نائزنگ ڈیسک) اسرائیلی کے جنگی طیاروں نے غزہ کی پٹی کے جنوبی حصے میں واقع شہر رفح کے مغربی علاقے کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا، شدت سردی سے جاں بحق ہونے والوں میں شیر خوار بچے بھی شامل۔

قائم اسرائیلی فوج غزہ کی پٹی میں بارڈ کراسنگز سے معاہدے کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ مسلسل 82 روز

سال 2026 ملک میں مفاہمت کا اور قومی اعتماد کے نئے باب کا آغاز ثابت ہوگا

بلاول بھٹو

نیا سال مکالمے، مفاہمت اور رخنوں کے مداوے کے لیے وقف ہونا چاہیے، کیونکہ سیاسی استحکام ہی معاشی بحالی، ترقی اور عوامی فلاح کی بنیاد ہے، قومیں اسی وقت آگے بڑھتی ہیں جب اختلافات کو جمہوری اداروں کے ذریعے حل کیا جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے | چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قوم کو نئے سال کی دل مبارکباد دیتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

سندھ ہائی کورٹ نے جعلی سرمایہ کاری اسکیمز اور آن لائن فراڈ کے کیس میں 7 ملزمان کی درخواست ضمانت مسترد کر دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے جعلی سرمایہ کاری اسکیمز اور آن لائن فراڈ کے کیس میں 7 ملزمان کی درخواست ضمانت مسترد کر دی ۔سندھ ہائیکورٹ میں جعلی سرمایہ کاری اسکیمز اور آن لائن فراڈ کے کیس میں 7 ملزمان کی درخواست ضمانت کی سماعت ہوئی۔ اے ڈی ایکسٹرا شیراز راجپوت ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ ملزمان کیخلاف شہریوں سے فراڈ کے واضح شواہد موجود ہیں۔

کراچی بار کا رجب بٹ معاملہ مذاکرات سے حل کرنے کا اعلان، ہڑتال ختم کر دی

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) رجب بٹ معاملے پر جنرل ہاؤس اجلاس کے بعد کراچی بار ایسوسی ایشن نے ہڑتال عارضی طور پر ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔صدر کراچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

شہید رانی بے نظیر بھٹو کی 18 ویں برسی کا اجتماع دیدنی تھا، امام بخش ڈوکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید رانی بے نظیر بھٹو خراج عقیدت پیش کرنے اور ان کیلئے دعائے مغفرت کرنے کے لئے پاکستان بھر سے ہزاروں افراد کی شرکت پر بے نظیر بھٹو کی پاکستانی عوام سے وابستگی محبت کا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے امور میں مداخلت اور بلدیاتی مسائل کو حل ہونے سے پہلے اپنے جھنڈے آویزاں کرنا کہاں کا قرین انصاف ہے۔

کراچی شفریز ہار بر اتھارٹی اور سندھ فشریز مینیرین ووکیشنل ڈپارٹمنٹ کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں اہم اجلاس

ماہی پروری کے کاروبار سے وابستہ ہر فرد کو معیاری بیج اور سہولیات فراہم کی جائیں، محمد علی ملکانی، اجلاس میں پائلٹ پروجیکٹ گاڑھو اور خرم فارم ہاکس پی کے بارے میں بریفنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت ماہی پروری | کے شعبے کی جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

ٹنڈو محمد خان: صدر مملکت آصف علی زرداری آبھتی صوبائی وزیر سید قبول محمد شاہ کے انتقال سے تعزیت کر رہے ہیں

کراچی کو جدید شہر کی صف میں کھڑا کرنا ہے، وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ

بی بس سروس کراچی کے شہریوں کے سفر کو آسان بنائے گی، کراچی اب صرف چل نہیں رہا، آگے بڑھ رہا ہے،

آج بس چلی ہے، کل شہر بدلے گا، کراچی کیلئے بہتر سفر صرف وعدہ نہیں عملی حقیقت بن رہا ہے، سید مراد علی شاہ

شاندے کراچی کے عوام کو ڈبل ڈیکر بس سروس کے | آغاز پر مبارکباد دیتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اعلان کیا ہے کہ انٹرمیڈیٹ حصہ اول سائنس جنرل گروپ کے سالانہ امتحانات برائے 2025 کے اسکروٹنی فارم بروز جمعہ 2 جنوری سے بروز پیر 2 فروری 2026 تک وصول کیے جائیں گے۔اسکروٹنی کروانے کے خواہشمند طلبا اپنے اسکروٹنی فارم فی پرچہ 1000 روپے فیس کیساتھ درج بالا مراکز پر جمع کروا سکتے ہیں۔

انٹرمیڈیٹ کیلئے 2025ء کا میابیوں اور خدشات کے امتزاج کا سال رہا

ایک ایسا ملک جہاں 2.5 پرسنٹ سے پاپولیشن گروتھ ریٹ ہو رہی ہو جس کا دوتہائی سے زیادہ جو ملک سے 60 پرسنٹ سے زیادہ جو ہے تو ایسے ملک میں یہ بہت کم گروتھ ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان معیشت کیلئے 2025 کو حکومت استحکام کا سال قرار دیتی ہے۔ | زرمبادلہ ذخائر اور سیلات زر کے ساتھ ساتھ عالمی ریٹنگ میں تو بہتری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

سونا سستا ہو گیا، عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت مزید کم

گزشتہ روز بھی سونے کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی تھی جب کہ اس سے قبل سونے کے نرخ تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہونے کی وجہ سے سستا ہو گیا۔بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بدھ کے روز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

ناظم آباد میں تیز رفتاری سے جاری ترقیاتی کام خوش آئند ہیں، منعم ظفر خان

ہمارا عزم ہے کہ اپنے 9 ٹاؤنز میں عوام کو ریلیف پہنچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے، ٹاؤن کا دورہ و ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے نائب امیر کراچی انجینئر سلیم انظیر، ٹاؤن چیئرمین ناظم آباد سوہاب علی خان اور سیکریٹری اطلاعات زاہد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

قومی ایئر لائن کی نجکاری کے بعد پہلا باضابطہ اجلاس (آج) ہوگا

سی ای او قومی ایئر لائن سمیت تمام ڈائریکٹرز اجلاس میں شریک ہوں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی ایئر لائن کی نجکاری | کے بعد ایئر لائن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

ڈی سی دادو اور پولیس کے توہین آمیز رویے پر لیڈی ہیلتھ ورکرز کا احتجاج

غیر تسلی بخش سکیورٹی پر ڈپٹی کمشنر سے شکوہ کیا جو انہیں ناگوار گزرا اور ہمارے تحفظات کو ہوائی خبریں اور ڈرامہ قرار دیا، نور بانو ملاح

دادو (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے ضلع دادو میں ڈپٹی کمشنر اور ڈی ایس پی کے مبینہ توہین آمیز رویے کے خلاف لیڈی ہیلتھ ورکرز کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔لیڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی میں 65 سال بعد ڈبل ڈیکر بس سروس کا آغاز

سندھ حکومت 2026 میں پورے صوبے میں ٹرانسپورٹ سہولیات فراہم کرنے کا ہدف رکھتی ہے اور وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے آئندہ سال کراچی کی ہر سڑک پر ڈبل ڈیکر بسیں چلانے کی ہدایت بھی دی ہے، شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں 65 سال بعد ڈبل ڈیکر بسیں متعارف کرا دی گئیں، سینئر وزیر و وزیر ٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن نے بتایا کہ یہ بسیں کل (یکم جنوری) سے عوام کے لیے دستیاب ہوں گی۔کراچی میں بس سروس کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

جمشید کوارٹر پولیس نے شہر میں سرگرم موٹر سائیکل لفٹر کو گرفتار کر لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمشید کوارٹر پولیس نے شہر میں سرگرم موٹر سائیکل لفٹر کو گرفتار کر لیا ہے ۔ایس ایس پی ایسٹ زیب ترین مسیح کے مطابق جمشید کوارٹر پولیس نے پیپلز چورنگی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے حادی جرائم پیشہ اسٹریٹ موٹر سائیکل لفٹر ملزم جاوید ولد قوم کو گرفتار کر لیا۔ملزم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کے ایم سی کا کراچی بھر میں بچی آبادیوں کی زمین کا جامع سروے کا فیصلہ

ان زمین میں پیٹرول پمپس، بلند و بالا عمارتوں اور بڑے پیمانے پر کمرشل سرگرمیوں کا قیام شامل ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی نے شہر بھر میں بچی آبادیوں کی زمین کا جامع ری سروے اور | ازسر نو جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔یہ فیصلہ بچی آبادی قرار دی گئی زمین پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

ایف بی آر کا بغیر جواز آمدن کم ظاہر کرنے پر قانونی کارروائی کا عندیہ

فیلڈ فارمیشنز کو آمد کنندگان کے گوشواروں کا تفصیلی جائزہ لینے کی ہدایت کر دی گئی، یکم جنوری 2026 تک مشکوک ایکسپورٹرز کی تفصیلات ایف بی آر کو جمع کرانیکی ہدایت کر دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

بریکیڈ پولیس نے شہریوں کو لوٹنے والا دو رکنی موبائل اسنیچر گروہ گرفتار کر لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بریکیڈ پولیس نے شہریوں کو لوٹنے والا دو رکنی موبائل اسنیچر گروہ گرفتار کر لیا ہے ۔ایس ایس پی ایسٹ زیب ترین مسیح کے مطابق بریکیڈ پولیس نے شاہراہ قائدین کے قریب کارروائی کر کے موبائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

گورنر سندھ کی اسلام آباد میں بنگلہ دیشی ہائی کمشنر آمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے اسلام آباد میں بنگلہ دیشی ہائی کمشن میں بنگلہ دیشی ہائی کمشنر ہیئر آف چانسری عشرت جہاں سے تعزیتی ملاقات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

دھند کے باعث ملک بھر کا فلائٹ آپریشن متاثر، 8 پروازیں منسوخ، 63 میں تاخیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دھند کے باعث ملک بھر کا فلائٹ آپریشن بری طرح متاثر ہو گیا۔ ملک بھر کی 8 پروازیں منسوخ ہو گئیں، 63 میں تاخیر رہی۔ایک کمرشل ایئر پورٹ پر لینڈ کرایا گیا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق لاہور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ عملی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جعلی نمبر پلیٹ لگی بائیک کو جرمانہ، ای چالان گھر بیٹھے اصل مالک کو موصول

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں بھاری ای | چالان سے بچنے کیلئے نجی نمبر پلیٹ کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے۔27 دسمبر 2025 کو گورنر ہاس کے قریب ٹیکسلا نہ پہنچنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

ای چالان سسٹم پر بریکنگ دی

ٹنڈو محمد خان (اسٹاف رپورٹر) سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ٹنڈو محمد خان حبیب جاوید سومارو کمین نے تاجران فیڈریشن ٹنڈو محمد خان کے عہدیداران سے ملاقات کی اور ٹنڈو محمد خان میں ای چالان سسٹم پر بریکنگ دی ۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ٹنڈو محمد خان حبیب جاوید سومارو کمین نے تاجران فیڈریشن کے عہدیداران سے ملاقات کے دوران E چالان کیمروں سے متعلق تحفظات پر بریکنگ دی۔

عمرہ ایئر لائن کے فلائٹ آپریشن کا آغاز

27 معصوم بچوں کی زندگیاں نگل گیا، رہنما مہاجر قومی موومنٹ

کنڑ کے دھماکے میں سوراخ، ایک اور معصوم بچہ موت کی نذر، متاثرہ خاندان کو انصاف، معاوضہ اور مجرموں کو قرار واقعی سزا دی جائے، شاہد فراز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہاجر قومی موومنٹ | (پاکستان) کے کنڈر بیڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن ایڈیشنل آئی جی جاوید عالم اوڈھو کو عہدے کی کمان سونپ رہے ہیں

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن
ریویو یونٹ III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

ناظم آباد میں تجاوزات کیخلاف کارروائی

پھول گلی بحال

ناظم آباد میں غیر قانونی تجاوزات میں روز بروز اضافہ ہو رہا تھا جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا تھا، اسی لیے سخت ایکشن لینا ناگزیر ہو گیا تھا، کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیرِ نگرانی انجمن دی گلی جس میں سے ایم سی صحیح سویہ غیر قانونی تجاوزات کے خلاف بڑا انظامیہ نے بھی بھرپور شرکت کی۔ آپریشن کے دوران تجاوزات شدہ دکانیں کو پہلے سے نشانات لگا کر مسمار کیا گیا۔ کمشنر کراچی کے مطابق کارروائی کے دوران غیر قانونی تعمیرات میں استعمال ہونے والا سامان اور دیگر مواد ضبط کر لیا گیا جبکہ مزید تین افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ سید حسن نقوی نے کہا کہ ناظم آباد میں غیر قانونی تجاوزات میں روز بروز اضافہ ہو رہا تھا جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا تھا، اسی لیے سخت ایکشن لینا ناگزیر ہو گیا تھا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پھول گلی ناظم آباد کی ایک اہم شناخت ہے اور اسے اس کی اصل حالت میں بحال کرنا ضروری تھا۔ کمشنر کراچی کے مطابق آپریشن کے بعد پھول گلی کو اس کی مشروعہ چوڑائی کے مطابق مکمل طور پر بحال کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ آئندہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے مستقل نگرانی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو بھی دوبارہ غیر قانونی قبضے اجازت نہیں دی جائے گی۔

آپریشن کیا گیا۔ یہ کارروائی اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد نقوی کی ہدایت پر ناظم آباد کی معروف پھول گلی میں

ہوائی فائرنگ اور ون ویلنگ کیخلاف سخت کارروائی، عوامی سلامتی اولین ترجیح ہے، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (کرائم رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے نئے سال 2026 کے موقع پر عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے امن، سلامتی، خوشحالی اور ترقی کی تمنا کی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خوشی کے موقع پر جانوں کے ضیاع کا سبب بننے والی ہوائی فائرنگ اور ون ویلنگ جیسی ہلاکت خیز سرگرمیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کراچی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور بیور بلاک کے مقصوبے کے آغاز سے قبل کی جانے والی تیاریوں اور دیگر تکنیکی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بیوروکریٹس، وائس چیئرمین، کونسلرز اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی اور تاکن کے متعلقہ افسران اور عملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی کے شہریوں کو بہتر ماحول سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیور بلاک کی تعمیب سے گلیوں کی حالت بہتر ہوئی اور برسوں سے درپیش مسائل میں واضح بہتری آئے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی ضرورت کو مدنظر رکھ کر شروع کیے جائے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور استعمال ہونے والا میٹریل سرکاری معیار کے مطابق ہو۔ چیئرمین نے کہا کہ کام کی رفتار برقرار رکھی جائے اور منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جلد سہولت میسر آ سکے۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن نے کہا کہ ٹاؤن کے مختلف سیکٹرز میں مرحلہ وار ترقیاتی کام جاری ہیں اور وسائل کے شفاف انداز میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندے ہونے کے ناطے وہ خود فیلڈ میں جا کر کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں تاکہ عوام کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنایا جا سکے۔ دورے کے موقع پر علاقہ مکینوں نے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن کے اقدام کو خوش آئند قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ بیور بلاک کی تعمیب سے علاقہ مکینوں کو دیرپا ریلیف حاصل ہوگا۔

ناظم آباد ٹاؤن کے عملے نے عباسی شہید اسپتال روڈ پر سیوریج کے ہنگامی مسئلے کا فوری حل نکالا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناظم آباد ٹاؤن نے سیوریج نظام کے ایک اہم مسئلے کو فوری طور پر حل کر کے شہریوں کو بڑی سہولت فراہم کی ہے۔ عباسی شہید اسپتال کی مین روڈ پر پیش آنے والے سیوریج اوورفلو کے مسئلے کو ٹاؤن کے متعلقہ عملے نے بروقت حل کر دیا۔ ٹاؤن کے ترجمان کے مطابق، ٹاؤن کے متعلقہ عملے نے اس مسئلے کو فوری طور پر نوٹس میں لیا اور مسئلے کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے ترجیحی بنیادوں پر حل کیا۔ ترجمان کے مطابق، ٹاؤن کے متعلقہ عملے نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا اور سیوریج لائن کی صفائی کو یقینی بنایا تاکہ پانی کی نکاسی بھی اسی نظام کے ذریعے کر دی گئی، جس سے عارضی سیلاب جیسی کیفیت ختم ہو گئی اور علاقے میں سیوریج کا بہاؤ معمول کے مطابق بحال ہو گیا۔ یہ ریسکیو کارروائی ناظم آباد ٹاؤن کے سیوریج سسٹم کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے، جس سے علاقے کے مکینوں کو فوری ریلیف ملا ہے۔

سال نو پر منچلوں کے سد باب کیلئے شہر قائد میں ٹریفک پولیس کا جامع پلان جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سال نو کی تقریبات کے موقع پر سی پی او کراچی کرنے والے شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کے مؤثر انتظام کیلئے کراچی ٹریفک پولیس نے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پولیس کے مطابق سی ویو، ڈرگ کالونی، شاہراہ قائدین اور دیگر مقامات پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متعدد اقدامات کیے گئے ہیں۔ ٹریفک پولیس کے ترجمان کے مطابق شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ قانون کی پابندی کریں، تعاون کریں اور سال نو کو خوشگوار اور محفوظ بنائیں۔

ایس آئی یو کی سالانہ کارکردگی، 18 ڈاکو ہلاک، منشیات برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) انٹیلی انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) سی آئی ڈی نے سال 2025 کی کارکردگی کے اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے سال بھر میں مجموعی طور پر 690 جرائم پیشہ ملزمان کو گرفتار کیا۔ ایس ایس پی ایس آئی یو ڈاکٹر محمد عمران خان کے مطابق، یونٹ نے چھ خونریز ڈکیتوں کے درمیان 40 پولیس مقابلے ہوئے، جن میں تاجروں اور معززشہریوں سے بھتہ طلبی میں ملوث 18 ڈاکو بھی ہلاک ہوئے۔ ان 40 پولیس مقابلوں میں 29 زخمی سمیت 82 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ڈکیتی کے دوران قتل میں ملوث 60 ملزمان گرفتار رہے جبکہ بھتہ طلبی میں ملوث 99 ملزمان کو بھی قانون کے شکنجے میں لایا گیا۔ ملزمان سے 223 پستول، 7 رائفلیں اور 5 پیڈ گرینیڈز برآمد کیے گئے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ دوران کارروائی 5 ملزمان کو زخمی کر کے گرفتار کیا گیا۔ ڈکیتی کے دوران قتل میں ملوث 99 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ان میں سے 24 ملزمان کو زخمی کر کے گرفتار کیا گیا۔ ڈکیتی کے دوران قتل میں ملوث 60 ملزمان گرفتار رہے جبکہ بھتہ طلبی میں ملوث 99 ملزمان کو بھی قانون کے شکنجے میں لایا گیا۔ ملزمان سے 223 پستول، 7 رائفلیں اور 5 پیڈ گرینیڈز برآمد کیے گئے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ دوران کارروائی 5 ملزمان کو زخمی کر کے گرفتار کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار ملزمان میں ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی ایس آئی یو ڈاکٹر محمد عمران خان کے مطابق، یونٹ کے ہونہار افسران اور اہلکاروں کی انتھک محنت کے بعد ان کارروائیوں میں کامیابی حاصل کی گئی ہے۔ ان حوالے سے جاری کی گئی ایک سالانہ تفصیلی کارکردگی رپورٹ کے مطابق، یونٹ نے بھرپور محنت کی اور اس کے نتیجے میں کیس کی مکمل تحقیق کی گئی ہے۔ اس طرح یونٹ نے 5 ڈکیتی مقدمات کو حل کیا اور 5 ڈکیتی مقدمات میں ملوث 18 ڈاکو ہلاک ہوئے۔ یہ کارروائیاں ایس ایس پی ایس آئی یو ڈاکٹر محمد عمران خان کی قیادت میں کی گئیں۔ ان کارروائیوں میں 5 پیڈ گرینیڈز برآمد کیے گئے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ دوران کارروائی 5 ملزمان کو زخمی کر کے

بقیہ روزنامہ تشکر 1

دنیرآمد کی گئی کہ افراط زر 30 فیصد تک پہنچ چکا تھا اور مبادلہ کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے تھے۔ نومبر 2025 تک پاکستان کے بہترین معاشی اشاریے اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ افراط زر 9.2 فیصد تک آ چکا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 9.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں، 21.7 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 3.0 ارب ڈالر تک آ چکا ہے، 1.9 ارب ڈالر کے سرپلس میں بدل چکا ہے، مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح تقریباً 3 فیصد سے بڑھ کر 4.2 فیصد ہو چکی ہے، فی کس آمدنی 1.5 فیصد بڑھ کر 1.8 فیصد ہو چکی ہے، برآمدات 10 فیصد تک بڑھ چکی ہیں، ترسیلات زر 10 فیصد تک بڑھ چکی ہیں، ٹیکس وصولیاں